Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ جمادی الثانی ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۶ اپریل ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت رحمت اللہ اہلمد	۱
۲	اندراج اسماء جرائم پیشہ	۲
۳	امتحان وکلاء	۸
۴	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

حسب پیشی درخواست رحمت اللہ اہلمد سررشتہ بندوبست معہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست رخصت بست یوم بوجہ علالت ۱۰ اپریل سنہ حال سے بعوض لطف اللہ خاں پسر رحمتی اپرنٹس بندوبست منظور کی گئی ۔

اسمار جرائم پیشہ

۱۲ اپریل ۱۹۱۷ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس منشا یاور خاں ساکن... عرف منشا قوم ڈیرہ سکنہ موضع ... مندرجہ رجسٹر اقوام جرائم پیشہ کے نام بمشادفعہ ۱ قانون جرائم پیشہ درج کیے گئے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۳ اپریل ۱۹۱۷ء

چند سال سے امتحان وکلا ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اب چونکہ چند وکلا کے نام بوجہ فوتی وغیرہ خارج ہوگئے۔ اور تعداد وکلا میں کمی ہوگئی ہے۔ اسلیے امتحان وکلا ہو جانا مناسب ہے۔ جسکے لیے حسب ذیل احکام صادر کیے جاتے ہیں۔

(۱) اگست ۱۹۱۷ء میں امتحان وکلا ہوگا۔ اور

(۲) حسب ذیل کتب میں امتحان ہوگا۔

الف صیغہ مال ۔ آئین حامدیہ۔ دستور حامدیہ۔ ضوابط حامدیہ۔ قواعد حامدیہ۔ قانون قبضہ اراضی ممالک مغربی و شمالی ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء۔ قانون مالگذاری ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء۔ قانون رسوم عدالت ایکٹ ۷ سنہ ۱۸۷۰ء۔ قانون اسٹامپ ایکٹ ۲ سنہ ۱۸۹۹ء۔

ب صیغہ دیوانی ۔ فتاویٰ عالمگیری ترجمہ در مختار کتاب الدعویٰ و کتاب الشہادت۔ دستور العمل فرائض منصبی پیشکاران۔ دستور العمل قرقی اجرائے ڈگری۔ قواعد مستصواب حلف مجریہ ۱۹ جولائی ۱۹۱۳ء۔ روبکار اجلاس ہمایوں مصدرہ ۲۰ مارچ ۱۹۱۳ء نسبت لزوم تحریر دستاویز بیع و ہبہ وغیرہ۔ ضابطہ دیوانی۔ اصول شرح محمدی مؤلفہ میگناٹن۔ اصول دھرم شاستر مؤلفہ میگناٹن ابواب میراث۔ قانون سرٹیفکیٹ ولایت ایکٹ ۷ سنہ ۱۸۸۹ء۔ قانون سرٹیفکیٹ جانشینی ایکٹ ۷ سنہ ۱۸۸۹ء۔

ج ۔ فوجداری ۔ مجموعہ تعزیرات ہند۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری۔

د ۔ متفرقات ۔ قانون رجسٹری ریاست۔ دستور العمل نگران ریاست مجریہ ۱۹۱۴ء۔ قانون رجسٹری ہند ایکٹ ۱۶ سنہ ۱۹۰۸ء۔ قانون شہادت ایکٹ ۱ سنہ ۱۸۷۲ء۔

(۳) جو اشخاص امتحان میں شریک ہونا چاہیں انکو لازم ہے کہ یکم جولائی ۱۹۱۷ء تک درخواست شرکت امتحان صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج ریاست ہذا کی خدمت میں پیش کریں درخواست مذکور میں اُس درجہ کی تصریح کیجاسے جس میں درخواست گذار کو امتحان دینا ہو نیز درخواست گذار کا نام و ولدیت و قومیت و سکونت وضاحت سے تحریر کی جاسے۔ درخواست مذکور کے ساتھ اُس درجہ کی فیس شرکت امتحان (جس درجہ میں امتحان دینا ہو) داخل کیجاسے۔ فیس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

درجہ اول ۵۰ ؎۔

درجہ دویم ۲۵ ؎۔

درجہ سویم ۱۰ ؎۔

درخواست کے ساتھ ایک سرٹیفکیٹ جسکا نمونہ منسلک روبکار ہذا ہے مصدقہ کسی مجسٹریٹ یا منصف۔ یا عہدہ دار مال کا جو تحصیلدار سے کم درجہ کا نہ ہو پیش کیا جائیگا۔

(۴) تاریخ ہاسے امتحان۔ اور طریقہ و مقام امتحان بعد ازیں مقرر کر کے شائع کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل جملہ عدالتہاسے شہر و مفصلات کو بھیجی جاسے اور روبکار ہفتہ تک گزٹ سرکاری میں شائع کیجاسے۔

صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

نمونہ سرٹیفکیٹ مورد روبکار

میں (یہاں نام حاکم یا عہدہ دار تصدیق کنندہ بقید عہدہ ہونا چاہیے) تصدیق کرتا ہوں سے ۔۔۔ ولد ۔۔۔ ساکن ۔۔۔ کا ہے اور عمر انکی ۔۔۔ سال ہے نامبردہ نیک و خوش رویہ ہے اُردو زبان میں درستی و روانی سے گفتگو کر سکتا ہے۔ تحریر بتاریخ ماہ سنہ ء

دستخط تصدیق کنندہ

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۴ اپریل ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۷ مار	۰	۹ مار	۸ مار	۰۷ مار	۰۸ مار	تحصیل شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰۱۲ مار	۰	۰۱۲ مار	۰۱۲ مار	۱۲ مار	۱۳ مار	
نخود کسرہ آمیز	۱۴ مار	۰	۱۵ مار	۰۱۳ مار	۰۱۲ مار	۰۱۳ مار	
کٹ	۱۳ مار	۰	۱۵ مار	۱۲ مار	۱۳ مار	۱۴ مار	
ماش	۰۸ مار	۰	۰۷ مار	۸ مار	۷ مار	۸ مار	
مونگ	۰۸ مار	۰	۰	۷ مار	۷ مار	۹ مار	
مکا	۱۱ مار	۰	۰	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	
جئی	۱۴ مار	۰	۱۶ مار	۱۳ مار	۱۲۰ مار	۱۵ مار	
گوجئی	۰	۰	۰	۱۰ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	
عدس	۱۱ مار	۰	۱۰ مار	۱۰ مار	۷ مار	۱۰ مار	
ارہر	۱۰ مار	۰	۱۵ مار	۰	۸ مار	۱۴ مار	
برنج	۷ مار	۰	۸ مار	۸ مار	۷ مار	۸ مار	
روغن زرد	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاه	۰۲ مار	۰	[illegible]	[illegible]	۰۲ مار	[illegible]	
روغن کنجد	۲ مار	۰	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نمک سانبھر	۱۰ مار	۰	۱۲ مار	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	
نمک لاہوری	۶ مار	۰	۸ مار	۸ مار	۹ مار	۹ مار	
قند سیاه	۰۵ مار	۰	۰۴ مار	۵ مار	۶ مار	۵ مار	
باجره	۱۰ مار	۰	۰	۰	۱۰ مار	۰	